NYC HEALTH+ HOSPITALS | Gotham Health

تمام لوگوں کے لیے ویکسین

+ **Moderna COVID-19** ویکسین
+ **Pfizer COVID-19** ویکسین

(ان کے لیے جن کی عمریں 5 سے 11 سال کے درمیان ہیں)

- پہلی تے دوسری خوراکیں
- کمزور مدافعت رکھنے والوں کے لیے اضافی بنیادی سیریز کی خوراکیں
- بوسٹرز

یہاں پر تمام اہل افراد کے لیے دستیاب ہے

COVID-19 میں یہ بہت اہم ہے کہ آپ خود کو اور اپنے پیاروں کو بیمار پڑنے سے بچائیں۔

COVID-19 کی ویکسینز محفوظ ہیں اور بیماری، ہسپتال جانے اور حتیٰ کہ موت کا خطرہ کم کرنے میں انتہائی مؤثر ہیں۔

آپ COVID-19 کی ویکسین بغیر کوئی رقم خرچ کیئے حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کے لیےکون سی ویکسین بہتر ہے اس کے بارے میں مزید معلوم کریں۔ QR کوڈ سکین کریں یا کال (1-844-692-4692) **1-844-NYC-4NYC**.

فلو ویکسینز کے بارے میں مزید جانیں۔

COVID-19 ویکسینز کے بارے میں مزید جانیں۔

COVID-19 کی ویکسین کس کو کروانی چاہیئے؟

NYC HEALTH+ HOSPITALS

COVID-19 ویکسین

نیویارک کے اکثر باشندے اس وقت COVID-19 کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں:

+ 5 سے 11 کی عمر کے درمیان بچے Pfier-BioNTech طب اطفال کی دو خوراکیں (ایک تہائی طاقت) لگواسکتے ہیں۔
+ 12 برس یا اس سے بڑی عمر کے افراد Pfizer-BioNTech ویکسین کی دوخوراکین لگوا سکتے ہیں۔
+ 18 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد Moderna کی دوخوراکیں یا Johnson & Johnson/Janssen کی ایک خوراک لگوا سکتے ہیں۔

Pfizer, Moderna یا Johnson & Johnson کی COVID-19 ویکسین کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراکیں

mRNA ویکسین کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراکیں ان افراد کے لیے دستیاب ہیں جنہوں نے COVID-19 کیmRNA کی اپنی دوسری خوراک یا پھر Johnson & Johnson ویکسین کی ایک خوراک کم از کم 28 دن پہلے لگوائی ہو اور کسی عارضے یا علاج معالجے کے باعث ان کا مدافعتی نظام کمزور ہو۔ ان میں شامل ہیں:

+ سرطان کا ہونے والا علاج معالجہ
+ اعضا کی پیوندکاری اور مدافعتی نظام کی طاقت کو کم کرنے لیے ادویات کا استعمال
+ گزشتہ 2 روز کے دوران اسٹیم سیل کی پیوندکاری
+ معتدل یا شدید قسم کی بنیادی مدافعتی نظام کی کمزوری
+ ایسی ایچ آئی وی جو بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے یا جس کا علاج معالجہ نہ ہوا ہو
+ کارٹیکوایسٹورائڈ کی بڑی خوراک سے ہونے والا علاج معالجہ یا مدافعتی نظام کو معتدل یا شدید کمزور کرنے والی دیگر ادویات

Pfizer کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراک لگوانے کے لیے آپ کی عمر لازمی طور پر 5 برس یا اس سے بڑی اور Moderna کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراک لگوانے کے لیے آپ کی عمر 18 برس یا اس سی بڑی ہونی چاہیئے۔ بعض صورتوں میں آپ Johnson & Johnson/Janssen ویکسین کو اضافی بنیادی سیریز کی خوراک کے طور پر دینے پر بھی غور کرسکتے ہیں۔ زیادہ تر ایسے افراد جن کو دیگر طبی عارضے، مثلاً زیابیطس، دل یا پھیپھڑوں کی بیماریاں ہیں ان کے لیے اضافی بنیادی سیریز کی خوراکوں کا مشورہ نہیں دیا جاتا۔

COVID-19 کی بوسٹر خوراک - Moderna اورPfizer ویکسین لگوانے والے

5 برس یا اس سے بڑی عمر کے ہر فرد کو اپنی Pfizer یا Moderna کی COVID-19 کی ویکسی نیشن سیریز کی بنیادی خوراک کی دوسری خوارک لگوانے کے کم از کم 5 ماہ بعد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے۔

ایسے افراد جنھوں نے دونوں ٹھیکے Pfizer یا Moderna کی ویکسین کے لگوائے ہیں، ان کو چاہیئے کہ وہ کوشش کرکے بوسٹر بھی انہی ویکسینز کی لگوائیں، تاہم اگر وہ چاہیں تو امریکہ میں ان کو تینوں میں سے کوئی ایک لگوانے کی اجازت ہے۔

5 سے 17 برس کی عمر کے درمیان ایسے افراد جنہوں نے 5 ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ پہلے اپنی بنیادی سیریز میں Pfizer کے ٹیکے لگوائے تھے وہ اس وقت صرف Pfizer کا ہی بوسٹر ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں۔

COVID-19 بوسٹر خوراک - Johnson & Johnson ویکسین لگوانے والے

18 برس یا اس سے بڑی عمر کے ہر فرد کو COVID-19 ویکسی نیشن کی ایک بنیادی خوراک لگوانے کے کم از کم دو ماہ بعد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے۔ اکثر صورتوں میں Pfizer یا Moderna (mRNA COVID-19 ویکسیزن) کو ترجیح دی جاتی ہے۔

کمزور مدافعتی نظام رکھنے والے ایسے افراد جنہوں نے اپنی پہلی خوراک کے طور J&J اور mRNA ویکسین کم از کم 28 دن پہلے لگوائی ہے، ان کو mRNA ویکسین کے کم از کم 2 ماہ بعد اضافی بوسٹر لگوانا چاہیئے، جو مجموعی طور پر 3 خوراکیں ہوں گی۔

NYC Health + Hospitals کے نظام میں موجود ہسپتالیں Pfizer اورJ&J ویکسینز پیش کرتی ہیں۔ NYC Health + Hospitals/Gotham Health کے مراکز میں 5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان بچوں کے لیے Moderna ویکسین اور Pfizer ویکسین پیش کی جا رہی ہیں۔ مقامات کی مکمل فہرست کے لیے ہماری ویب سائیٹ وزٹ کریں:
nychealthandhospitals.org

Published: 5/24/2022
Urdu